مطبوعات

مشاہیرِ اسلام | مؤلفہ: جناب ڈاکٹر حسن ابراہیم حسن ایم اے پی ایچ ڈی پروفیسر تاریخ اسلام قاہرہ یونیورسٹی۔ مترجمہ: جناب مولوی محمد زکریا صاحب۔ شائع کردہ: پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی (کراچی) قیمت پانچ روپے بلا جلد۔

جس طرح کتاب و سنت ہمارے لیے سرچشمۂ ایمان و احکام ہیں، اسی طرح ہمارے عظیم المرتبت معماران ملت ــ صحابہ، تابعین، تبع تابعین ــ کے کارناموں اور ان کے سیر و سوانح کا ریکارڈ ہمارے لیے سرچشمۂ روایات ہے! اور یہ حقیقت ہے کہ اپنے زرّین ماضی سے رشتہ جوڑے بغیر اور اسلاف کے سرچشمہ ہائے فکر و عمل سے استفادہ کیے بغیر ہم کسی روشن مستقبل کی طرف ترقی کا ایک قدم نہیں بڑھا سکتے۔ یہ وہ ضرورت ہے کہ جو تاریخ کی صحیح تدوین اور اس کو نئی نسلوں کے سامنے لانے کی موثر تدابیر کو ناگزیر بنا دیتی ہے۔ اسی احساس کے تحت جناب فضل الرحمٰن صاحب سابق وزیر تعلیم کی فرمائش پر فاضل مؤلف نے (جو پہلے سے علمی حلقوں میں متعارف ہیں) اس کتاب میں ۲۹ تاریخی شخصیتوں کو نہایت اچھے اور عام فہم انداز میں پیش فرمایا ہے اور اب یہ مجموعہ اردو میں ترجمہ ہو کر پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی کے ذریعے سامنے آگیا ہے۔ خوشی کی بات ہے کہ اس کتاب کے عنوان کے مطابق فی الواقع "مشاہیرِ اسلام" ہی کو فہرست میں لایا گیا ہے، ورنہ ایک ذہن وہ بھی ہے جو اکبر اور مصطفیٰ کمال کو بھی "مشاہیرِ اسلام" کی صف میں رکھتا ہے۔ یہ کتاب طلباء، نوجوان طبقوں اور عام مسلمانوں کے لیے بہت مفید رہے گی۔

باب الخوارج | مؤلف: ابو العباس محمد بن یزید بن عبد الاکبر (۲۱۰ھ تا ۲۸۶ھ) المعروف بالمبرد۔ مترجم:- جناب عبد الصمد صارم۔ استاذ عربی و فارسی، اورینٹل کالج، لاہور۔ شائع کردہ: المکتبۃ العلمیہ ۱۵ لیک روڈ لاہور۔ ضخامت ۱۰۸ صفحات۔ قیمت بلا جلد ۴ روپے۔

کتاب کا پورا نام "باب الخوارج من کتاب الکامل للمبرد" ہے۔ یعنی کتاب میں سے صرف ایک باب لے لیا گیا ہے۔ خوارج ہماری تاریخ کا ایک ایسا فاسد گروہ ہے کہ جو تاریخی لحاظ سے بحث و تحقیق کا ایک دلچسپ